© rasailojaraid.com



# اداریہ

تحقیقی مجلہ کے معیار کو بہتر بنانے میں خاص کاوش کرنی پڑتی ہے، بہت سارے مقالہ نگار اپنے کام کو شائع کرانے کی تگ ودو میں مصروف ہوتے ہیں، تاہم معیاری مقالات کو منتخب کر کے ماہرین کی کمیٹی کو بھجوانا پڑتا ہے تاکہ غلطی کا امکان بھی کم ہو اور معیار بھی قائم رہے، ہمیں ہر ماہ درجنوں ایسے مقالے موصول ہوتے ہیں جن کی کوئی علمی قدر و قیمت نہیں ہوتی اور مقالہ نگار بار بار ان کی اشاعت پر اصرار کرتے نظر آتے ہیں کہ ان کا مقالہ قریب ترین شمارے میں شائع ہو، میرے خیال میں سب سے بڑی ذمے داری مجلس نظر ثانی پر عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنی ذمے داری محسوس کرتے ہوئے منظم مرتّب رپورٹ پیش کریں تاکہ اعلیٰ علمی معیار کے مقالے شامل کیے جاسکیں، ہماری مجلس ادارت کی بھرپور کوشش ہوتی ہے کہ کسی قسم کے دباؤ کو خاطر لائے بغیر صرف علمی بنیاد پر مقالات شائع ہوں تاکہ تحقیقی مجلہ کا معیار بہتر سے بہتر کیا جاسکے، اس حوالے سے جن ماہرین نے ہماری رہنمائی فرمائی ہے ان کا ادارہ کی جانب سے شکریہ ادا کرتی ہوں۔

ہمیں خوشی ہے کہ مجلہ التثقافہ الاسلامیہ کا پینتیسواں (35 واں) شمارہ پیش خدمت ہے اس میں شامل کیے گئے تمام مقالات علمی اور تحقیقی اصولوں پر مبنی اور مسلمہ تحقیقی معیار کے معیار کے عین مطابق ہیں علاوہ ازیں انہیں پاکستان کے بلند پایہ اساتذہ و محققین کی نظر ثانی کے بعد شائع کیا گیا ہے، یہ شمارہ 13 علمی تحقیقی مقالات پر مشتمل ہے جن میں سے آٹھ اردو، چار عربی اور ایک انگلش میں ہے۔

میں مجلس ادارت اردو، عربی، انگلش اور مجلس مشاورت ملکی و بین الاقوامی کے تمام ممبران کا ایک بار پھر تہہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہوں جنہوں نے نظر ثانی، مشاورت اور مختلف خدمات کے ذریعے ہماری حوصلہ افزائی فرمائی، نیز ہم تمام مقالہ نگاروں کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے ہمیں اپنے مقالات ارسال کیے اور امید کرتے ہیں کہ وہ آئندہ بھی ارسال کرتے رہیں گے، ہماری ہمیشہ یہ کوشش ہوتی ہے کہ ہم بہتر سے بہتر مقالات کا انتخاب کریں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں مزید تحقیقی کاموں کو آگے بڑھانے کی استعداد عطا فرمائے، مجلّے کی مجلس ادارت بھی مبارک باد کی مستحق ہے، اللہ تعالیٰ ہمارے علم و عمل میں اضافہ فرمائے (آمین)۔

**ڈاکٹر عابدہ پروین**

مدیر مجلہ التثقافہ الاسلامیہ

شیخ زاید اسلامک سینٹر جامعہ کراچی



© rasailojaraid.com